Disclaimer

This Urdu translation is uploaded for the awareness & information of General Public only, and all the Executive and Judicial Authorities/for a should consult the English version of the Gazetted, Khyber Pakhtunkhwa , Amendment of Certain Fiscal Laws Act, 2021 for reference, examination or decisions under the provisions of the Act ibid.

Law Parliamentary Affairs & Human Rights Department
LAW PARLIAMENTARY AFFAIRS & HUMAN RIGHTS, DEPARTMENT
GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

خیبر پختونخوا کے صوبہ کے کئی مالی قوانین میں مزید ترمیم کے لیے پیش کیا گیا

ہر گاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا کے صوبہ کے کئی مالی قوانین میں بعد ازیں آنے والے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے مزید ترامیم کی جائیں۔

یہ قانون خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی کے ذریعے درج ذیل طریقے سے وضع کیا جاتا ہے۔

1۔ مختصر عنوان وسعت و آغاز:

(1) یہ قانون خیبر پختونخوا کے کئی مالی قوانین میں ترمیم کا قانون مجریہ 2021ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(2) یہ قانون فوری طور نافذ العمل ہو گا۔

2۔ تعریفات۔

مغربی پاکستان کے 1958ء کے قانون نمبر ۵ میں ترمیم، مغربی پاکستان کے شہری غیر منقولہ جائیداد، ٹیکس کے قانون مجریہ 1958ء کے قانون،

(1) دفعہ 3 میں،

(الف) ذیلی دفعہ (2) کے شق (ب) میں کولن کے بعد درج ذیل فقرہ شرطیہ شامل درج کیا جاتا ہے؛

"بشرطیکہ جائیداد کے محصول / ٹیکس کی ادائیگی / ذمہ داری یکم جولائی 2019ء کے شروعات سے 30 جون 2020ء کے اختتام تک حکومتی ملکیتی یا حکومتی، یا نیم حکومتی غیر سرکاری تنظیم، مالیاتی ترقیاتی اداروں، نجی تجارتی تنظیمیں، (مقامی یا بین الاقوامی دکانات یا دوکانات کا سلسلہ، مقامی اور بین الاقوامی تجارتی نام (برانڈ)، شادی ہالز، مسافر خانے / سرائے، ریسٹیورنٹس اور وہ تمام دکانات بحوالہ الف 1، الف، ب، ج، اور د، والی، غیر منقولہ جائیداد) مہمان خانوں، اقامت خانے (ہوسٹل) یا کسی بھی دوسرے تجارتی مقصد کے لیے استعمال ہونے والی یا کسی بینک کا تخمینہ لگایا جائے گا اور محصول / ٹیکس کی شرح اور طریقہ کار خیبر پختونخوا مالی قانون مجریہ 2020ء (خیبر پختونخوا مجریہ 2020ء کا قانون نمبر (XXII) کے مطابق ادائیگی کی جائیگی۔

مزید یہ کہ اگر کسی محصول / ٹیکس ادا کرنے والے کا جس نے 20-2019 کے لیے محصول / ٹیکس کی ادائیگی کی ہو اور اس میں کوئی اضافہ ہوا ہو تو محصول / ٹیکس کا تعین کرنے والی اتھارٹی موجودہ مالی سال اور آنے والے سالوں کے اضافی محصول / اداشدہ ٹیکس کی درستگی اس قانون کے تحت کریگی"۔

(ب) ذیلی دفعہ (2 الف،

(i) اعداد و شمار اور الفاظ "30 ستمبر کے دن" کے لیے اعداد و شمار و بطور متبادل "28، فروری" ہو گا۔

(ii) پہلے فقرہ شرطیہ کے آخر میں آنے والے فل سٹاپ (بڑانقطہ) کی جگہ ایک کالن اور اس کے بعد مندرجہ ذیل نیا فقرہ شرطیہ کا اضافہ ہو گا؛

اس ذیلی دفعہ کے تحت محصول دھندہ کو 20 یا 35 فیصد چھوٹ دی جائیگی۔

(2) دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (3) کے جدول میں فہرست نمبر 2 کے سامنے عنوان / سرخی جواز / افادیت / کارآمدی کے تحت کے لیے

اعداد و شمار و الفاظ اور فل سٹاپ (نقطہ) 30 جون 2012ء کی جگہ متبادل اعداد و شمار و الفاظ اور (بڑا نقطہ) فل سٹاپ ہو گا۔

(3) شیڈول 1 میں حصہ "ب" میں لفظ "بیس" کی جگہ لفظ "پندرہ" متبادل ہو گا۔

(4) جدول۔ 11 میں شق 7 کے لیے درج ذیل متبادل ہو گا۔

"7۔ ایسی صنعتی زمین اور عمارات جو کہ ٹیکس عائد ہونے والے علاقے میں آتے ہوں تو وہ 2 روپے 50 پیسے فی سکوئر فٹ / مربع فٹ کے حساب سے تمام پلاٹ پر یکساں شرح سے لاگو ہو گا۔

تشریح: اس شق میں صنعتی عمارت یا زمین میں ایک عمارت، عمارتوں کا ایک گروہ یا عمارات ایک پلاٹ جو تیار یا نیم تیار یا خام مال تیار ہو رہا ہو، پبلک ہو رہا ہو اور اسمیں وہ بھی رہائشی عمارتیں، کالونیاں، اقامت خانے (ہوسٹل)، مسیس، سکول / مدرسہ / درس گاہ / تعلیمی ادارہ وغیرہ جو کہ صنعتی علاقوں میں آتی ہیں بھی شامل ہونگی۔ اسی طرح تمام صنعتی زمینیں یا عمارات جو کہ کارخانے کے علاوہ ہوں جیسے ورکشاپ، دکانیں، گودام، بینک، پیٹرول پمپس، کارخانے کے دفاتر، موبائیل ٹاورز وغیرہ کو بھی صنعتی عمارتوں کا حصہ سمجھا جائے گا۔ بہر حال اگر یہ زمینیں یا عمارتیں کسی دوسری تجارتی مقصد کے لیے استعمال ہوتی ہوں جسکا صنعتی یا تجارتی سرگرمیوں سے کوئی واسطہ نہ ہو عوام کے لیے دستیاب ہوں یا اسی کا کوئی حصہ / جگہ کرائے پر دی گئی ہو تو ایسی تمام تجارتی زمین یا عمارت ہونے کی صورت میں ایسی تمام کا محصول / ٹیکس کا تعین جدول II کے شق (1) سے (6) کے مطابق کیا جائے گا اور تمام رہائشی عمارتوں کے لیے اس قانون کے تحت جدول 1 میں دیئے گئے شرح کے مطابق محصول / ٹیکس کا تعین ہو گا۔

3۔ خیبر پختونخوا مجریہ 2002ء کے آرڈیننس نمبر XXIII میں ترمیم:

خیبر پختونخوا کے مالی قانون مجریہ 1990ء (خیبر پختونخوا 1990ء کے قانون نمبر IV) کے دفعہ 7 کے آخری جملہ شرطیہ کے جدول میں فہرست نمبر 2 میں عنوان / سرخی کے تحت "جواز / افادیت" میں اعداد و شمار و الفاظ اور فل سٹاپ "30، جون 2021ء" کی جگہ اعداد و شمار و الفاظ اور فل سٹاپ "28 فروری 2021ء" متبادل ہو گا۔

4۔ خیبر پختونخوا آرڈیننس نمبر 2002ء کا نمبر XXIII میں ترمیم:

خیبر پختونخوا مالی آرڈیننس 2002ء (خیبر پختونخوا 2002ء کا آرڈیننس نمبر XXIII) کی دفعہ 4 کے آخری فقرہ شرطیہ کے جدول میں فہرست نمبر 2 کے عنوان / سرخی کے "جواز / افادیت" میں اعداد و شمار، الفاظ فل سٹاپ "30 جون 2021ء" کی جگہ اعداد و شمار، الفاظ "28، فروری 2021ء" متبادل ہو گا۔